عیسائیت کیا ہے۔؟

مصنف : مولانا محمد تقی عثمانی

ملنے کے پتے :(۱) دارالاشاعت - مقابل مولوی مسافر خانہ - کراچی نمبرا - (۲) ادارۂ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی - لاہور

صفحات : ۱۹۲ - کتابت، طباعت، کاغذ، سرورق، جلد عمدہ - قیمت : چھ روپے پچھتر پیسے

مولانا محمد تقی عثمانی، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کے فرزند ارجمند ہیں اور جدید اور قدیم علوم پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ کچھ عرصہ پیشتر انھوں نے مشہور عالم مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کی عیسائیت سے متعلق معروف تصنیف "اظہار الحق" کا اردو ترجمہ" بائبل سے قرآن تک" اپنی تشریح و تحقیق کے ساتھ شائع کیا تھا۔" بائبل سے قرآن تک" تین ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کی پہلی جلد کے شروع میں مولانا محمد تقی نے ایک مبسوط مقدمہ سپرد قلم کیا تھا۔ یہ مقدمہ اپنی جگہ نہایت مفید اور عیسائیت سے متعلق بہترین معلومات کو محیط ہے۔ چونکہ اس مقدمہ سے کتاب خریدنے کی صورت میں ہی استفادہ کیا جاسکتا تھا اور یہ ہر ایک کے بس کی بات نہ تھی، اس لیے اب یہ مقدمہ کچھ ترمیمات و اضافات کے ساتھ علیحدہ کتابی صورت میں شائع کر دیا گیا ہے تاکہ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے سب لوگ اس سے استفادہ کر سکیں۔

زیر تبصرہ کتاب" عیسائیت کیا ہے۔؟" دو ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں عیسائیت کی تعریف، عیسائی مذہب میں خدا کا تصور، عقیدۂ تثلیث، توحید فی التثلیث، باپ، بیٹا، روح القدس، تین اور ایک کا اتحاد، متشابہات کی حقیقت، دماغ کی مثال سے تثلیث کا اثبات، حضرت مسیح کے بارے میں عیسائی عقائد، عقیدۂ حلول و تجسم پولسی فرقہ، نسطوری فرقہ، یعقوبی فرقہ، عقیدۂ مصلوبیت، عقیدۂ حیات ثانیہ، عقیدۂ کفارہ، صلیب مقدس بپتسمہ، عشاء ربانی، دور ابتلا، قسطنطین اعظم، صلیبی جنگیں، عہد اصلاح اور پروٹسٹنٹ فرقہ، پاپائیت کی بدعنوانیاں وغیرہ امور پر بحث کی گئی ہے۔

دوسرے باب میں پولس کا تعارف، حضرت مسیح حواریوں کی نظر میں، پولس کے ساتھ حواریوں کا طرز عمل، یروشلم کونسل، پولس اور پطرس، یعقوب اور پولس، پطرس کے خطوط، پولس کے مخالفین وغیرہ، مباحث کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔

آخر میں انجیل برناباس کے بارے میں ضروری معلومات درج کی گئی ہیں۔

کتاب عمدہ معلومات پر محتوی ہے۔ انداز تحریر علمی اور سنجیدہ ہے۔ فاضل مصنف نے دلآزاری اور تعصب سے کہیں بھی اپنے قلم کو آلودہ نہیں ہونے دیا۔ انھوں نے اس نازک موضوع کو علمی دائرہ میں محدود کر رکھا ہے۔